نبوّتِ مصطفیٰ ﷺ ہر آن ہر لحظہ
سیّد الانبیاء ﷺ کے پیدائشی نبی ہونے پر ایک بے مثال تحقیق
پروفیسر محمد عرفان قادری
ناشر
فرید بک سٹال ۳۸۔اُردو بازار لاہور

نبوّتِ مصطفیٰ ﷺ ہر آن ہر لحظہ

سیّد الانبیاء ﷺ کے پیدائشی نبی ہونے پر ایک بے مثال تحقیق

پروفیسر محمد عرفان قادری

ناشر

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار لاہور

مطبع : رومی پبلیکیشنز اینڈ پرنٹرز لاہور
الطبع الاوّل: رمضان 1431ھ/اگست 2010ء
قیمت : روپے

Farid Book Stall
Phone No:092-42-7312173-7123435
Fax No.092-42-7224899
Email:info@faridbookstall.com
Visit us at:www.faridbookstall.com

فرید بک سٹال ۳۸۔اُردو بازار لاہور
فون نمبر ۰۹۲۔۴۲۔۷۳۱۲۱۷۳۔۷۱۲۳۴۳۵
فیکس نمبر ۰۹۲۔۴۲۔۷۲۲۴۸۹۹
ای۔میل : info@faridbookstall.com
ویب سائٹ : www.faridbookstall.com

فتویٰ نمبر۲

کیا فرماتے ہیں حضرات علماءِ کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ کوئی کہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام چالیس (۴۰) سال سے پہلے نبی نہیں تھے۔ اور آپ کو نبوت چالیس کے بعد ملی ہے۔
اس کے متعلق شرعی حکم اور فتویٰ صادر فرمائیں۔

السائل
قاری محمد شعیب رضوی ولد نذیر احمد
مدرسۃ البنات گلشن مدینہ رضویہ
پرتاب نگر رحمانیہ روڈ، فیصل آباد
2652073 / 0321-7824792

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ الہ وصحبہ اجمعین۔ امابعد
مشکوٰۃ شریف میں بحوالہ ترمذی یہ ذکر ہے عن ابی ھریرۃ قال قالوا یا رسول اللہ متی اوجبت لک النبوۃ قال و اٰدم بین الروح و الجسد۔ رواہ ترمذی مشکوٰۃ: ۵۱۳۸۔
بچپن میں حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا انی عبداللہ اتنی الکتب و جعلنی نبیاً:
حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے گھوارہ میں فرمایا میں اللہ کا بندہ ہوں اور مجھے کتاب عطا فرمائی اور نبی فرمایا۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ الاعلیٰ اعلم

ابوالخلیل غفرلہ جامعہ رضویہ مظہر اسلام
فیصل آباد

نوٹ: قرآن وحدیث سے بچپن سے نبوت ثابت ہے پھر اگر کوئی تسلیم نہ کرے تو دماغ کا علاج کروائے۔

فتوی نمبر ۳

محترم مفتی صاحب! السلام علیکم

دریافت طلب امر یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ولادت سے لے کر چالیس برس کی عمر مبارک سے قبل تک نبوت کے منصب پر فائز تھے یا نہیں۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

العارض
محمد عرفان بٹ
۱۷/اپریل ۲۰۰۹ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ الجواب: مسئولہ صورت میں نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم چالیس سال کی عمر مبارک سے پہلے بھی نبی تھے بلکہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ثابت کہ آپ کی نبوت اس وقت سے ثابت جب حضرت آدم روح و جسد مبارک کے درمیان تھے۔ ترمذی شریف میں ہے عن ابی ھریرۃ قال، قالوا یا رسول اللہ متی و جبت لک النبوۃ قال و اٰدم بین الروح و الجسد، یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے آپ فرماتے ہیں: صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے لیے نبوت کب واجب ہوئی؟ فرمایا: جب آدم روح اور جسم کے درمیان تھے۔ تو حدیث مذکورہ سے ثابت ہوا کہ آپ چالیس سال کی عمر مبارک سے پہلے بھی نبی تھے، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

محمد تنویر القادری
(نائب مفتی) جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
24-05-2009